## سیاسی ومذہبی رہنماء ملک کی سلامتی وبقاء پر سیاسی اختلافات کوحاوی نہ ہونے دیں، الطاف حسین

## ہمارا یہ عمل دنیا بھر میں یہ ثابت کرے گا کہ ہم نہ صرف زندہ قوم ہیں بلکہ ملک کی آزادی وسلامتی کو بچانا بھی جانتے ہیں

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔15، اگست 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان ایک آزاد اورخودمختار ملک ہے اور ملک کی آزادی وخودمختاری کیلئے ضروری ہے کہ ملک بھر کے عوام اور سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماء ملک کی سلامتی وبقاء پر سیاسی اختلافات کوحاوی نہ ہونے دیں۔ ان خیالات کا اظہار جناب الطاف حسین نے بدھ کے روز ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، پاکستان سے آنے والے حق پرست نمائندگان اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک بھر کے عوام جانتے ہیں کہ اس وقت ملک طوفانی بارشوں میں گھرا ہوا ہے جس کے باعث لاکھوں افراد بے گھر ہوچکے ہیں جبکہ دوسری طرف قبائلی علاقہ جات کی صورتحال بھی انتہائی تشویشناک ہے۔ جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام بالخصوص ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ ملک کی موجودہ صورتحال میں متحد ومنظم رہیں اور اپنے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی تمام تر صلاحیتوں کواستعمال کرتے ہوئے ملک کودرپیش خطرات اور طوفانی بارشوں سے متاثرہ ہونے والے خاندانوں کی حتی المقدور امداد کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں باربار کہتا رہا ہوں کہ دنیا کے ہر ملک میں سیاسی ونظریاتی اختلافات پائے جاتے ہیں لیکن جب کسی ملک پر آفت یا خطرات کی گھڑی آتی ہے تو آزاد ملک کے شہری اپنے سیاسی ونظریاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ملک کی سلامتی وبقاء کوترجیح دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک آزاد اورخودمختار ملک ہے اور ملک کی آزادی وخودمختاری کیلئے ضروری ہے کہ ہم سب ہوش کے ناخن لیں اور ملک کی سلامتی وبقاء پر سیاسی اختلافات کوحاوی نہ ہونے دیں۔ ہمیں چاہئے کہ ہم ملک کودرپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے عملی کوششیں کریں اور سیاسی اختلافات کونظرانداز کرکے ملک کی سلامتی وبقاء کوفوقیت دیں کیونکہ ہمارا یہ عمل دنیا بھر میں یہ ثابت کرے گا کہ ہم نہ صرف زندہ قوم ہیں بلکہ ملک کی آزادی وسلامتی کو بچانا بھی جانتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک بھر کے عوام بالخصوص سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کوغور کرنا چاہئے کہ پاکستان ہے تو ہم سب کی سیاست بھی ہے لیکن اگر خدانخواستہ پاکستان کی سلامتی کوکوئی نقصان پہنچا تو کسی کی سیاست باقی نہیں رہے گی۔ انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال میں نہ صرف اتحاد ویکجہتی کی اپیل کریں بلکہ اتحاد کا عملی مظاہرہ بھی کریں اور ایم کیوایم کے خلاف دیئے جانے والے کسی بھی بیان پر ردعمل ظاہر کرنے کے بجائے اسے نظرانداز کردیں۔

## ٹھٹھہ کے گاؤں حاجی دادو جوکھیو اور دین محمد شیخ گوٹھ کے نوجوانوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

ٹھٹھہ۔۔۔15، اگست 2008ء۔۔۔ٹھٹھہ کے گاؤں حاجی دادو جوکھیو اور دین محمد شیخ گوٹھ کے متعدد نوجوانوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت اور غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے ایم کیوایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم فلٹر پلانٹ یونٹ ٹھٹھہ میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا۔ اجتماع میں ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین محمد عیسیٰ جوکھیو اور ساجد شاہ نے بھی شرکت کی۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنیوالوں میں امیر جوکھیو، سلطان جوکھیو، گورام جوکھیو، پنھون جوکھیو، امید علی جوکھیو، چھتن جوکھیو، اسلام دین جوکھیو، اقبال جوکھیو، رفیق جوکھیو، آچار جوکھیو، غلام قادر جوکھیو اور دیگر شامل ہیں۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ طالبانائزیشن کی سازش کے فروغ کوواویلا قرار دینے والے سندھ اور کراچی کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ صوفیوں کی سرزمین پر خونریزی اور انتہاء پسندی کو ہرگز پنپنے نہیں دے گی اور اس سلسلے میں سندھ سمیت کراچی میں عوام کے تعاون سے طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف بھرپور مزاحمت کرے گی۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے کارکن ندیم شہریار کی ہمشیرہ محترمہ یاسمین اور محمد فیروز کے بھائی محمد سلیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆

## پاکستان کے 61ویں یوم آزادی کے موقع پر نائن زیرو پر پرچم کشائی کی تقریب

کراچی۔۔۔14، اگست 2008ء۔۔۔پاکستان کے 61ویں یوم آزادی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر پاکستان کا قومی پرچم لہرایا گیا اور ملک کے استحکام وسلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ پرچم کشائی کی تقریب میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وصوبائی وزیر عبدالحسیب، صوبائی وزراء ڈاکٹر محمد علی شاہ، شیخ محمد افضل، نادیہ گبول، خالد بن ولایت، صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی بلقیس مختار، محمد طاہر، منظر امام، علیم الرحمان، مزمل قریشی، وسیم احمد، خالد افتخار، ریحان ظفر، ندیم مقبول، محمد عادل خان، رضا حیدر، مقیم عالم، شعیب ابراہیم، صابرہ خاتون، محترمہ حسنہ، مسرت وارثی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے دیگر ارکان اور کارکنان نے شرکت کی۔ پرچم کشائی کے بعد ایم کیوایم کے تمام رہنماؤں، منتخب نمائندوں اور کارکنوں نے قومی ترانہ گایا۔ اس موقع پر پاکستان کے استحکام، سلامتی وبقاء، تحریک پاکستان کی جدوجہد کے دوران شہید ہونے والوں کے بلند درجات اور ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں اور لوگوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ جشن آزادی کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور اس کے اطراف کی گلیوں کو برقی قمقموں سے خوبصورتی سے سجایا گیا جس سے علاقہ بقعہ نور بنا ہوا ہے۔

## پاکستان کے 61ویں یوم آزادی کے سلسلے میں ایم کیوایم یوکے کے زیر اہتمام اتوار 17 اگست کو برمنگھم میں اجتماع ہوگا

## اجتماع برمنگھم کی آسٹن یونیورسٹی کے گریٹ ہال میں منعقد کیا جائے گا۔ ایم کیوایم کے مرکزی رہنما خطاب کریں گے

لندن۔۔۔14، اگست 2008ء۔۔۔پاکستان کے 61ویں ''یوم آزادی'' کے سلسلے میں ایم کیوایم یوکے کے زیر اہتمام اتوار 17 اگست کو برمنگھم میں اجتماع ہوگا۔ یہ اجتماع اتوار کو دوپہر 2 بجے برمنگھم کی آسٹن یونیورسٹی کے گریٹ ہال میں منعقد کیا جائے گا۔ اجتماع سے ایم کیوایم کے مرکزی رہنما خطاب کریں گے۔ ایم کیوایم یوکے برمنگھم یونٹ نے اجتماع کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔ اس سلسلے میں یونٹ کی جانب سے اجتماع کے دعوت نامے تقسیم کئے جارہے ہیں۔ دریں اثناء ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے برمنگھم میں آباد پاکستانیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ یوم آزادی کے سلسلے میں منعقد کئے جانے والے اس اجتماع میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اپنے اتحاد کا مظاہرہ کریں۔ تقریب کے دعوت نامے کیلئے برمنگھم یونٹ کے فون نمبر 2479463 0121 یا موبائل نمبر 078051 32601 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆